**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

17جولائی2026ء

# پریس ریلیز

## مذاکرات کے بیچ امریکہ کے ایران پر دوبارہ حملوں نے صیہونی عزائم کو ایک بار پھر بے نقاب کر دیا ہے۔
## ایران کی عرب ممالک سے بڑھتی ہوئی کشیدگی انتہائی تشویش ناک ہے۔
## مسلم ممالک آپس کی جنگ کی بجائے اپنے اصل مشترکہ دشمن کے خلاف متحد ہوں۔
## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** مذاکرات کے بیچ امریکہ کے ایران پر دوبارہ حملوں نے صیہونی عزائم کو ایک بار پھر بے نقاب کر دیا ہے۔ایران کی عرب ممالک سے بڑھتی ہوئی کشیدگی انتہائی تشویش ناک ہے۔ مسلم ممالک آپس کی جنگ کی بجائے اپنے اصل مشترکہ دشمن کے خلاف متحد ہوں۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔اُنہوں نے کہا کہ ہم پاکستان اور عالمِ اسلام کے دیگر ممالک کو اُس وقت بھی یہ باور کروانے کی کوشش کر رہے تھے کہ صہیونیوں پر ہر گز اعتبار نہیں کیا جا سکتا، جب ساری دنیا ایران اور امریکہ کے درمیان ایم او یوز پر اتفاق کے بعد مذاکراتی عمل کے آغاز پر تالیاں پیٹ رہی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن وسنت کی واضح اور روشن تعلیمات کے مطابق یہود و نصاریٰ اور مشرکین کے وعدوں اور دعووں پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔ پھر یہ کہ امریکہ اور اسرائیل کی تاریخ وعدہ خلافی اور معاہدوں کو توڑنے کے واقعات سے بھری پڑی ہے۔امیر تنظیم نے تاسف کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مسلم ممالک کو اب بھی ابلیسی قوتوں کی چالوں کا ادراک نہیں ہو رہا اور وہ ایک دوسرے کے خلاف محاذ آرا ہیں، جس کا فائدہ صرف دشمن کو ہو رہا ہے۔امریکہ ایران پر دوبارہ شدت سے حملے کر رہا ہے اور اسرائیل غزہ، مغربی کنارے اور لبنان میں تباہی مچانے کے بعد اب دیگر عرب ریاستوں کا رُخ کرنے کے لیے پَر تول رہا ہے۔ اِن حالات میں حوثیوں اور سعودی عرب کے مابین گولہ باری نے خطے کو مزید انتشار میں دھکیل دیا ہے۔اُنہوں نے کہا کہ پاکستان کو بھی از سرِ نو جائزہ لینا ہو گا کہ اُس کی امریکہ سے قربتوں کے نتائج کیا نکل رہے ہیں۔امریکہ نے اسلام آباد میمورنڈم کو جوتے کی نوک پر رکھ کر خطے کے تناظر میں پاکستان کو مزید مشکل میں ڈال دیا ہے۔امیر تنظیم نے کہا کہ اِن دگرگوں حالات میں ضرورت اِس امر کی ہے کہ عالمِ اسلام محض ذاتی اور دنیاوی مفادات سے بالاتر ہو کر منصبِ اُمّت کو پہچانے اور اُس کے تقاضوں کو پورا کرے۔اللہ کے کلام کو اپنائے اور نبی اکرم ﷺ کے اُسوہ سے جُڑ جائے۔ صرف اِسی صورت میں اللہ کی تائید اور نصرت حاصل ہو گی اور ہم دشمن کو دندان شکن جواب دے سکیں گے۔ آخر میں امیر تنظیم نے کہا کہ اِس اٹل حقیقت کے پیشِ نظر تنظیم اسلامی کے زیرِ اہتمام 31جولائی2026ء بروز جمعۃ المبارک سے تین ہفتوں پر محیط ایک آگاہی مہم بعنوان ''اُمّتِ مُسلمہ کی حالتِ زار اور راہِ نجات'' کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔اُنہوں نے اپیل کی کہ عوام اِس مہم میں بھرپور شرکت کریں تاکہ مسلمانانِ پاکستان و عالم اپنے حقیقی فرائض کو سمجھ کر دوسروں تک پہنچانے اور اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کے قیام و نفاذ کی جدوجہد میں اپنا تن من دھن لگا دیں۔اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہو۔آمین!

جاری کردہ
**رضاء الحق**
مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: July 17th, 2026**

## The renewed American attacks on Iran amid the negotiations Have once again exposed the Zionist designs.

## Iran's escalating tensions with the Arab countries are a matter of grave concern. Muslim countries must unite against their real common enemy instead of fighting among themselves.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the renewed US strikes on Iran in the midst of ongoing negotiations have once again exposed Zionist designs. The escalating tensions between Iran and Arab countries are deeply alarming, and instead of engaging in conflicts among themselves, Muslim countries must unite against their real common enemy. He remarked that even when the entire world was celebrating the commencement of negotiations between Iran and the United States following their agreement on Memorandums of Understanding (MOUs), Pakistan and other countries of the Muslim Ummah had been cautioned that the Zionists can never be trusted. The reality is that, in light of the clear and unequivocal teachings of the Holy Qur'an and Sunnah, neither the promises nor the claims of the Jews, Christians, and polytheists can be relied upon. Furthermore, the histories of both the United States and Israel are replete with instances of broken promises and violated agreements. Expressing deep regret, the Ameer said that Muslim countries still fail to recognize the schemes of these satanic forces and continue to confront one another, a situation that serves only the interests of their common enemy. While the United States has once again intensified its attacks on Iran, Israel, after wreaking devastation in Gaza, the West Bank, and Lebanon, is now preparing to expand its aggression towards other Arab states. Under such circumstances, the exchange of fire between the Houthis and Saudi Arabia has pushed the region into even greater turmoil. He further stated that Pakistan must also reassess the consequences of its growing closeness to the United States. By treating the Islamabad Memorandum with complete contempt, the United States has placed Pakistan in an even more difficult position within the regional context.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami emphasized that these deteriorating circumstances demand that the Muslim Ummah rise above narrow personal and worldly interests, recognize its divinely ordained responsibility as an Ummah, and fulfill its obligations. It must return to the guidance of the Book of Allah and reconnect itself with the blessed example of the Holy Prophet (*S.A.W.W*). Only then will Allah's support and victory be attained, enabling the Muslim Ummah to deliver a crushing response to its enemy. Concluding his statement, the Ameer announced that, in view of these undeniable realities, Tanzeem-e-Islami will organize a three-week nationwide awareness campaign titled "The Plight of the Muslim Ummah and the Path to Salvation" beginning on Friday, 31 July 2026. He appealed to the public to participate wholeheartedly in this campaign so that the Muslims of Pakistan and the wider Muslim Ummah may understand their true responsibilities, convey them to others, and dedicate their lives, wealth, and abilities to the struggle for the establishment and implementation of the Islamic system of social justice. May Allah (*SWT*) be our Protector and Helper. Ameen.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**